عربی ادبیات میں پاک و ہند کا حصّہ

شاہ حسین رزاقی

یہ کتاب ڈاکٹر زبید احمد کی گراں قدر تصنیف " دی کنٹری بیوشن آف انڈیا ٹو عربک لٹریچر " کا ترجمہ ہے، جس میں بہت تفصیل سے یہ بیان کیا گیا ہے کہ عربی ادبیات کے فروغ میں برعظیم پاک و ہند کے مسلمانوں نے کس قدر اہم حصہ لیا ہے۔ اس کتاب میں تفسیر، حدیث، فقہ، تصوف، کلام، فلسفہ، ریاضی، ہیئت، طب، تاریخ، لغت، شعر و ادب وغیرہ سے متعلق تصانیف اور مصنفین کا تذکرہ جداگانہ ابواب میں کیا گیا ہے اور چونکہ ان تصانیف میں سے اکثر طبع نہیں ہوئی ہیں، اس لیے اس کتاب میں پیش کردہ معلومات کی اہمیت اور زیادہ ہو گئی ہے۔ عربی سے مسلمانوں کے گہرے روحانی تعلق اور کتاب کی علمی اور تاریخی اہمیت کے پیشِ نظر جناب شاہ حسین رزاقی نے اردو میں اس کا ترجمہ کیا ہے۔ ترجمہ رواں دواں اور شستہ ہے۔

اسلامیانِ پاک و ہند کی دینی اور علمی تاریخ سے باخبر ہونے کے لیے اس کتاب کا مطالعہ بہت مفید ہوگا۔

صفحات ۱۲ + ۴۲۷ قیمت ۲۵ روپے

فقہِ عمر

ابو یحیٰی امام خان نوشہروی

شاہ ولی اللہ دہلوی کی تالیف " رسالہ در مذہب فاروق اعظم " کا اردو ترجمہ ہے۔ "یہ رسالہ شاہ ولی اللہ دہلوی کی نادر تصنیف " ازالۃ الخفاء " کا ایک حصہ ہے۔ اس کے ماخذ احادیث کی اہم کتابوں کے سوا فقہ کی دو کتابیں " کتاب الخراج " قاضی ابو یوسف اور " کتاب الام " امام شافعی ہیں۔ اصل کتاب میں تبویب اہم ابواب تک ہی محدود تھی۔ فاضل مترجم نے اس پر ضمنی ابواب بھی قائم کر دیے ہیں اور ہر روایت پر نمبر بھی لگا دیے ہیں۔

صفحات ۳۳۶ قیمت ۳۵ روپے

ملنے کا پتا: ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ، کلب روڈ لاہور